تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

December 02, 2024

پریس ریلیز

سینئر قومی تیر اندازی ٹورنامنٹ میں جامعہ ملیہ اسلامیہ کے طلبہ دہلی کی نمائندگی کریں گے

جامعہ ملیہ اسلامیہ کو یہ بتاتے ہوئے فخر محسوس ہو رہا ہے کہ اس کے طلبہ نے اٹھائیس اور انتیس نومبر دو ہزار چوبیس کو یمنا اسپورٹ کمپلیکس ککراڈوما میں منعقدہ سینئر نیشنل ٹرائلس میں غیر معمولی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا ہے۔ جامعہ کے دو طالب علم پندرہ دسمبر دو ہزار چوبیس کو جمشید پور، جھارکھنڈ میں منعقد ہونے والے چوالیسویں سینئر قومی تیر اندازی ٹورنامنٹ میں دہلی کی نمائندگی کے لیے منتخب ہوئے ہیں۔

ایم بی اے پہلے سمسٹر کے طالب علم، شعبہ مینجمنٹ اسٹڈیز، اور ایس جی ایف آئی اور جونیئر نیشنل لیولز میں طلائی تمغہ حاصل کرنے والے دھورو ابگا نے ریکورو ایونٹ میں پہلے دن سات سو بیس میں سے چھ سو باسٹھ اور دوسرے دن سات سو بیس میں چھ سو چونسٹھ اسکور حاصل کرتے ہوئے شرکا میں اول مقام حاصل کیا تھا۔ ڈپارٹمنٹ آف ٹورزم کے سمسٹر اول، انڈر گریجویٹ اور انڈین ایونٹ میں سب جونیئر نیشنل میڈل یافتہ طالب علم ابھیشیک کمار نے سات سو بیس میں چھ سو گیارہ اسکور کے ساتھ تیسرا مقام حاصل کیا اور نیشنلز کے لیے کوالیفائی کیا۔ اس کے علاوہ، سبیکشھا۔ وی۔ کے جو سر دست کمپاؤنڈ ایونٹ میں حصہ لے رہی ہیں ٹرائل سے گزر رہی ہیں، یونیورسٹی ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتی ہے۔

پروفیسر مظہر آصف شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور جامعہ کے مسجل پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی نے نیشنل ایونٹ کے لیے کوالیفائی کرنے والے طلبہ کی کوششوں کی تعریف کی اور ان کو مبارک باد دی۔

پروفیسر نفیس احمد، اعزازی ڈائریکٹر گیمز اینڈ اسپورٹس جامعہ ملیہ اسلامیہ نے بھی طلبہ کی تعریف کی اور کہا کہ ''یونیورسٹی کی نمائندگی کرنے والے ہمارے ایتھلیٹ کی صلاحیتوں اور اپنے کام کے تئیں ان کے وقف ہونے کا ہم اعتراف کرتے ہیں۔ ہم پر امید ہے کہ وہ مستقبل میں بھی فتح یابیوں سے ہم کنار ہوں گے اور ادارے کی نیک نامی کا باعث ہوں گے۔

گیمز اور اسپورٹس کے ڈپٹی ڈائریکٹر ڈاکٹر محمد عابد نے جامعہ کے تیر اندازی کلب کے صدر ڈاکٹر ارونیش کمار سنگھ کے نیشنلز میں کوالیفائی کرنے والے ایتھلیٹوں کو مبارک باد دی اور آئندہ ہونے والے مقابلوں کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی